ایس او پیز برائے انوائیرمنٹ اور پانی کے ضیاع کا کنٹرول

1۔ سوسائٹی کے تمام رہائشی مستقبل کے لیے پانی کو محفوظ کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

2۔ سوسائٹی کے رہائشی اور کرایہ داران کار، گاڑی، بائیک یا ریمپ وغیرہ کو دھونے کے لیے بالٹی یا ٹب کا استعمال کریں اور رہائشی یا کرایہ داران اپنے گھریلو ملازمین کو اس حوالے سے مکمل ہدایات اور ٹریننگ دیں۔ پائپ کے ذریعے پانی کا استعمال گاڑی ،کار، بائیک یا ریمپ وغیرہ کو دھونے کا استعمال ہر گز نہ کریں۔

3۔ رہائشیوں سے گذارش ہے کہ وہ اپنے گھر کے باہر لان یا گرین بیلٹ کو پانی دینے کے لیے بالٹی والے فوارے کا محدود استعمال کریں۔ پائپ کا استعمال ہر گز نہ کریں۔

4۔ سبزیوں کی کاشت اور اگنے والی فصل کو پانی دینے کے لیے خالی پلاٹ استعمال کرنا منع ہے۔

5۔ (ا) ۔ مندرجہ بالا قوانین (1) تا (4) کی خلاف ورزی کے متعلق کوآپریٹو سوسائٹیز پنجاب لاہور آفس کے ذریعے رہائشیوں پر عائد جرمانے درج ذیل ہیں:۔

A۔ پہلی خلاف ورزی = 5,000/- روپے

B۔ دوسری خلاف ورزی = 10,000/- روپے

C۔ تیسری خلاف ورزی = پانی کی فراہمی کا کنکشن منقطع

(ب)۔ تمام رہائشی بشمول کرایہ داران کی اطلاع کے لیے درج ہے کہ:۔ (As per Lahore High Court Orders)

A۔ پہلی خلاف ورزی = 100,000/- روپے

B۔ دوسری خلاف ورزی = 500,000/- روپے

C۔ تیسری خلاف ورزی = منتخب سیکرٹری کے خلاف تادیبی کارروائی اور قانونی کارروائی۔

7۔ درختوں، پودوں کو کاٹنا یا نقصان پہنچانا سخت منع ہے۔ خلاف ورزی کرنے پر مبلغ -/5,000 روپے جرمانہ ہو گا۔ درختوں سے متعلق کوئی بھی معاملہ ہو تو رہائشی سوسائٹی انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

8۔ بیرونی گیٹ اور اندرونی پودوں کی کٹنگ، شاخیں اور پتے وغیرہ خالی پلاٹوں میں جگہ جگہ پھینکنے کی بجائے صرف سوسائٹی انتظامیہ کی جانب سے مختص کی گئی جگہوں پر ڈسپوز کریں۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

9۔ خالی لفافے، فوڈ ریپرز، بوتلیں اور کاغذ وغیرہ سڑک، فٹ پاتھ اور گرین بیلٹ پر مت پھینکیں اور ذمہ دار رہائشی اور ملاقاتی کا ثبوت دیں۔ ہو سکتا ہے کیمرے کی آنکھ یا دوسرا ذمہ دار رہائشی آپ کو دیکھ رہا ہو جو آپ کو اس حرکت سے منع بھی کر سکتا ہے اور سرزنش بھی کر سکتا ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مبلغ -/1000 روپے جرمانہ عائد ہوگا۔

10۔ ابدالین سوسائٹی میں گھروں کے باہر دیواروں، ٹیرس، بالکونی یا گیٹ وغیرہ پر کپڑے، قالین، میٹ وغیرہ لٹکانے اجازت نہیں ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مبلغ -/1000 روپے جرمانہ عائد ہوگا۔

11۔ اپنی گاڑی یا موٹر بائیک سے فضائی آلودگی اور بلاوجہ شور نہ پھیلائیں۔ بغیر سائلنسر کار یا موٹر سائیکل کو سوسائٹی کی حدود میں ڈرائیونگ سختی سے ممنوع ہے۔ خلاف ورزی پر جرمانہ مبلغ -/5000 روپے اور تادیبی کاروائی کی جائے گی۔

جنرل سیکرٹری

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore